دستخط نگران کار

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## ایم اے (ایم۔سی ۔جے) انٹرنس امتحان ۔ 2012

## M.A.(M.C.J.) Entrance Test - 2012

***Question paper cum Answer script*** پرچہ سوالات مع جوابی بیاض

وقت : دو گھنٹے | ہال ٹکٹ نمبر: | نمبرات : ۱۰۰

# اُمیدواروں کے لیے ہدایات

۱۔ اپنا ہال ٹکٹ نمبر اوپر فراہم کی گئی جگہ پر ہی لکھیے ۔اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر اپنا نام اور ہال ٹکٹ نمبر نہ لکھیں، اس بات کا اطمینان کرلیں کہ آپ نے اپنا ہال ٹکٹ نمبر صحیح تحریر کیا ہے۔

۲۔ 12 صفحات کا یہ کتابچہ پرچۂ سوالات اور جوابی بیاض پر مشتمل ہے۔کوئی علاحدہ جوابی بیاض نہیں ہے۔اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔

۳۔ اس کتابچے کے پانچ حصے ہیں۔ حصہ **A,B,C&D** میں کثیر جوابی سوالات ہیں ہر سوال کے سامنے دی گئی بریکٹ میں **a** یا **b** یا **c** یا **d** درج کریں جسکو آپ صحیح سمجھتے ہیں، حصہ ' **E** ' کے جوابات کے لیے خالی صفحات کتابچے کے آخر میں دیئے گئے ہیں۔

۴۔ حصہ **A,B,C&D** کے کثیر جوابی سوالات کے جوابات لکھنے میں کافی احتیاط ملحوظ رکھیں۔ ہر کثیر جوابی سوال کے چار جوابات درج ہیں۔ ان میں سے صحیح جواب کے حرف کو بریکیٹ میں لکھیے۔ سبھی سوالات کے نشانات مساوی ہوں گے۔غلط جواب کے منفی نمبر نہیں ہیں۔ ذیل میں ایک مثال دی جارہی ہے:

اخبار 'The Guardian' کے ایڈیٹر کون ہیں؟ ( a )

(a) ایلن رسبریجر    (b) جان وائٹ

(c) سی پی نائر    (d) جارج بنجامن

اوپر دیے گئے سوال کا صحیح جواب **ایلن رسبریجر** ہے۔اسی لیے بریکیٹ میں ( a ) دیا گیا ہے۔

۵۔ حصہ 'E' کے جواب لازمی ہیں ورنہ پرچے کی جانچ عمل میں نہیں آئے گی۔

۶۔ امتحان ہال سے روانگی سے قبل اس کتابچے کو متعلقہ نگران کار کے حوالے کردیجیے۔

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

# شعبہ ترسیلِ عامہ اور صحافت

## داخلہ امتحان 2012ء

مجموعی نشانات۔100 وقت: 2 گھنٹے

---

## حصہ ۔ A

## (پرنٹ میڈیا)

1۔ جو اخبار ہفتہ میں ایک بار شائع ہوتا ہے اسے عرف عام میں کیا کہا جاتا ہے؟ ( )

a) روزنامہ b) ہفت روزہ c) سہ روزہ d) پندرہ روزہ

2) روزنامہ قومی تنظیم کس ریاست کا اخبار ہے؟ ( )

a) بہار b) چھتیس گڑھ c) اتر پردیش d) مدھیہ پردیش

3) تصاویر اخبار کو خوبصورتی عطا کرتے ہیں اور ہر بڑے اخبار سے فوٹو گرافر وابستہ ہوتے ہیں۔ اخبار سے جڑے فوٹو گرافر کو صحافتی اصطلاح میں کیا کہا جاتا ہے۔ ( )

a) رپورٹر b) اسٹرنگر c) فوٹو جرنلسٹ d) سب ایڈیٹر

4) کسی بھی اخبار کی مقبولیت کا اندازہ اس کے سرکولیشن اور قارئین کی تعداد سے لگایا جا سکتا ہے۔ یہ بتائیے کہ اخبار پڑھنے والے کو عرف عام میں کیا کہا جاتا ہے؟ ( )

a) قاری b) صحافی c) ناظر d) راوی

5) ٹائمس آف انڈیا کس زبان میں شائع ہوتا ہے؟ ( )

a) کنڑ b) تلگو c) انگریزی d) اردو

6) بڑی بڑی کمپنیاں اپنی مصنوعات کی تشہیر کے لیے اخبارات کا سہارا لیتی ہیں اور اپنی مصنوعات کا تعارف پیش کرتی ہیں۔ اسے صحافتی اصطلاح میں کیا کہا جاتا ہے۔ ( )

a) اشتہار b) نیوز c) فیچر d) کالم

7) اخبارات کے لیے کالم لکھنے والے کو.......................کہا جاتا ہے۔ ( )

a) رائٹر b) ویڈیو ایڈیٹر c) فیچر ایڈیٹر d) کالم نگار

8) عصری ٹکنالوجی کی بدولت Copy Pasting کا کام اب..................کی مدد سے لیا جارہا ہے۔ (    )

a) کمپیوٹر b) اسکرین پرنٹر c) ویب ڈیولپر d) سرور

9) اخبارات مندرجہ ذیل میں سے کس زمرے میں آتے ہیں؟ (    )

a) پرنٹ میڈیا b) الکٹرانک میڈیا c) سوشل میڈیا d) انٹرنیٹ

10) اخباری ملاقات کو صحافتی اصطلاح میں کیا کہا جاتا ہے؟ (    )

a) گفت وشنید b) مباحثہ c) انٹرویو d) ان میں سے کوئی نہیں

11) اخبار اشاعت کے لیے کہاں بھیجا جاتا ہے۔ (    )

a) پریس b) شعبہ سرکولیشن c) شعبہ اشتہارات d) ڈیسک

12) اخباری تصاویر کی اسکیاننگ..................کی مدد سے کی جاتی ہے۔ (    )

a) Mouse b) Computer c) Recycle Bin d) Toolbar

13) تشدد، مار دھاڑ اور دیگر جرائم سے جڑے واقعات کا کوریج کرنے والے صحافی کو کیا کہا جاتا ہے۔ (    )

a) کرائم رپورٹر b) اسپورٹس رپورٹر c) بزنس رپورٹر d) انٹرنیشنل رپورٹر

14) روزنامہ منصف کے مذہبی سپلیمنٹ کا نام..................ہے۔ (    )

a) انوارِ ادب b) نورمبین c) مینارۂ نور d) مذہب نامہ

15) اخبارات میں شائع ہونے والے مزاحیہ خاکوں............کو کہا جاتا ہے۔ (    )

a) کارٹون b) افلاطون c) چوں چوں کا مربّہ d) تمام صحیح ہے

16) خبروں کی تفصیل سے قبل اس کا خلاصہ ہوتا ہے صحافتی اصطلاح میں کیا کہا جاتا ہے۔ (    )

a) ڈیٹ لائین b) ہیڈ لائن (سرخیاں)
c) ٹائم لائن d) Intro

17) Matrimonial سے کیا مراد ہے؟ (    )

a) شادی بیاہ سے متعلق اشتہار b) فلمی اشتہار
c) ادبی اشتہار d) گمشدہ بچوں کا اشتہار

18) ملک میں عموماً ایک معیاری اردو روزنامہ کی قیمت............ہوتی ہے۔ (    )

a) پانچ روپئے b) چھ روپئے c) دو سے تین روپئے d) دس روپئے

19) روز نامہ 'دی ہندو' کا صدر دفتر کہاں واقع ہے۔ ( )
a) چینائی b) حیدرآباد c) احمدآباد d) ممبئی

20) کسی یونیورسٹی سے شائع ہونے والے پرچہ کو......................کہتے ہیں۔ ( )
a) مجلّہ b) رسالہ c) سہ روزہ d) Tabloid

## حصہ (B)
## (الکٹرانک میڈیا)

21) ہندوستان کے سرکاری ٹی وی چینل کا نام بتایئے۔ ( )
a) CNN-IBN b) دوردرشن c) اسٹار d) زی ٹی وی

22) ٹی وی پر خبریں پڑھنے والے شخص کو میڈیا کی اصطلاح میں کیا کہا جاتا ہے۔ ( )
a) پروڈیوسر b) رپورٹر c) ڈسٹری بیوٹر d) اینکر

23) اردو کے پہلے پرائیوٹ ٹی وی چینل کا نام بتایئے جس کے پروگرام حیدرآباد سے نشر ہوتے ہیں۔ ( )
a) انڈیا ٹی وی b) ای ٹی وی اردو c) ساکشی ٹی وی d) این ڈی ٹی وی

24) ریالٹی شو ''کون بنے گا کڑوڑ پتی'' کے میزبان کا نام بتایئے جو بالی ووڈ کا مشہور اداکار ہے۔ ( )
a) امیتابھ بچن b) دھرمیندر c) اکشئے کمار d) سنیل شٹی

25) بالی ووڈ اداکار عامر خاں نے امیتابھ بچن اور شاہ رخ خاں کی ڈگر پر چلتے ہوئے چھوٹے پردے کا رُخ کیا ہے۔ ان دونوں اسٹار ٹی وی اور دوردرشن پر عامر خاں ہر اتوار کو ایک پروگرام پیش کررہے ہیں۔ پروگرام کا نام بتایئے۔ ( )
a) جو جیتا وہی سکندر b) آمنے سامنے c) چھومنتر d) ستیہ میو جئتے

26) ٹیلی ویژن کی آمد سے قبل کرکٹ میچوں کی راست کامنٹری کس پر پیش کی جاتی تھی۔ ( )
a) ریڈیو b) انٹرنیٹ c) ڈش ٹی وی d) ان میں تمام صحیح ہے

27) فلم مغل اعظم میں شہنشاہ اکبر کا کردار کس مشہور ادکار نے نبھایا تھا؟ ( )
a) شمی کپور b) انیل کپور c) پرتھوی راج کپور d) کرینہ کپور

28) AIR سے کیا مراد ہے؟ ( )
a) آل انڈیا ریڈیو b) امریکن انسٹی ٹیوٹ آف ریسرچ
c) افغان انڈیا ریلیشن d) ان میں سے کوئی نہیں

29) ریڈیو اور ٹی وی پر کالج اور یونیورسٹی کے طلباء کے لیے تعلیمی پروگرام پیش کئے جاتے ہیں یہ پروگرام کن طلباء کے لیے ہوتے ہیں۔ ( ) ( )

a) فاصلاتی طریقہ کے تحت تعلیم حاصل کرنے والے طلباء کے لیے

b) عام طلباء کے لیے

c) نوجوان طلباء کے لیے

d) بزرگ طلباء کے لیے

30) ٹیلی ویژن پروگراموں کی مقبولیت کا اندازہ TRP سے لگایا جاتا ہے اسی طرح ٹی وی پروگرام دیکھنے والوں کو عرف عام میں کیا کہا جاتا ہے۔ ( ) ( )

a) ناظرین b) قارئین c) فارغین d) محافظین

31) Vivid Bharti پر فلمی گیتوں کا فرمائیشی پروگرام پیش کیا جاتا ہے۔نام بتائیے۔ ( ) ( )

a) آپ کی پسند b) آپ کے گیت c) گیتوں بھری شام d) گیت مالا

32) مشہور فلم ''دیوار'' کس کی زندگی کے اردگرد گھومتی ہے۔ ( ) ( )

a) بال ٹھاکرے b) چھوٹا راجن c) حاجی مستان d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

33) حب الوطنی سے سرشار اس گیت کو کس مشہور گلوکار نے گایا ہے؟ 'اب تمہارے حوالے وطن ساتھیو' ( ) ( )

a) محمد رفیع b) آشا بھونسلے c) کشور کمار d) مناڈے

34) استاد بڑے غلام علی کا کس شعبہ سے تعلق ہے۔ ( ) ( )

a) ہندوستانی کلاسیکی موسیقی b) فلم c) صحافت d) ریڈیو

35) فلموں کی مقبولیت میں مکالموں کا بھی اہم رول ہوتا ہے۔نیچے دیئے گئے چار ناموں میں سے مکالمہ نگار کون ہے۔ ( ) ( )

a) قادر خاں b) بپی لہری c) جوائے مکھرجی d) ابراہیم اشک

36) Vivid Bharti پر فوجی بھائیوں کے لیے...................... پروگرام پیش کیا جاتا ہے۔ ( ) ( )

a) پران جائے پر وچن نہ جائے b) شہید c) جئے مالا d) خطروں کے کھلاڑی

37) اسٹنگ آپریشن کس کی مدد سے کیا جاتا ہے؟ ( ) ( )

a) خفیہ کیمرہ b) بصیرت c) جواں مردی d) اسلحہ

38) ہندوستان میں رنگین ٹی وی کا آغاز کب ہوا؟ ( ) ( )

a) 1982 b) 1999 c) 1981 d) 1979

39) VOA کس کا مخفف ہے؟ ( )

a) Voice of America
b) Voice of Afghan
c) Voice of Atlanta
d) Voice of Australia

40) Reality Show سے کیا مراد ہے۔؟ ( )

a) وہ پروگرام جن میں عام لوگ حصہ لیتے ہیں
b) حالاتِ حاضرہ پر مشتمل پروگرام
c) فلمی گیتوں پر مشتمل پروگرام
d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

## حصہ C
## (ادب، فن، ثقافت اور معلومات عامہ)

41) سابق صدر جمہوریہ ہند ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کی کئی کتابیں منظر عام پر آ چکی ہیں۔ ان میں ڈاکٹر عبدالکلام کی کتاب کونسی ہے؟ ( )

a) Wings of Fire
b) God of Small Things
c) Paradise Lost
d) India Today

42) مولانا ابوالکلام آزاد کی وصیت کے مطابق ان کی وفات کے بعد انگریزی میں ایک کتاب شائع کی گئی جس کا نام ہے؟ ( )

a) Angles & Devils
b) Aag ka dariya
c) India Wins Freedom
d) Discovery of India

43) مغل شہنشاہ شاہ جہاں نے تاج محل کس کی یاد میں بنایا تھا؟ ( )

a) ممتاز محل
b) رخسار بیگم
c) چاند بی بی
d) بیگم پارہ

44) پارلیمنٹ کہاں واقع ہے؟ ( )

a) کولکتہ
b) دہلی
c) ممبئی
d) جے پور

45) رائے دہی کا استعمال ہر ہندوستانی کا............ ہے۔ ( )

a) حق
b) کام
c) پیشہ
d) فرض

46) صدر جمہوریہ ہند کی سرکاری رہائش گاہ دہلی میں واقع ہے اور اسے کیا کہا جاتا ہے۔ ( )

a) آنند بھون
b) راج بھون
c) آندھرا بھون
d) راشٹر پتی بھون

47) بابائے قوم ملک کے کس مجاہد آزادی کا لقب ہے؟ ( )

a) پنڈت نہرو
b) مہاتما گاندھی
c) سردار پٹیل
d) سبھاش چندر بوس

48) سماجی کارکن انا ہزارے کس کے خلاف مہم چلا رہے ہیں۔ (   )

a) کرپشن  b) بچہ مزدور  c) چائلڈ میریج  d) نسلی امتیاز

49) حکمراں سیاسی جماعت کانگریس پارٹی کی صدر کون ہیں۔ (   )

a) شیلا ڈکشٹ  b) امبیکا سونی  c) سونیا گاندھی  d) میرا کمار

50) 9/11 کو طیاروں کے ذریعہ امریکی تنصیبات پر حملے ہوئے تھے اس وقت امریکہ کا صدر کون تھا۔ (   )

a) جارج بش  b) بل کلنٹن  c) بش سنئیر  d) کنڈولیزرائس

51) اس مسلم مجاہد آزادی کا نام بتایئے جس نے تقسیم ہند کی شدت سے مخالفت کی تھی۔ (   )

a) خان عبدالغفار خاں  b) مولانا ابوالکلام آزاد  c) محمد علی جناح  d) علامہ اقبال

52) IPL سے کیا مراد ہے؟ (   )

a) انڈین پیوپلز لیگ  b) انڈین پلیرز لیگ  c) انڈین پریمئر لیگ  d) ان میں سے کوئی نہیں

53) 15 /اگست 1947ء کو تاریخی اہمیت حاصل ہے اس دن کی کیا خاص بات ہے۔ (   )

a) ہندوستان آزاد ہوا  b) ہندوستان کی تقسیم عمل میں آئی

c) ہندوستان کا قومی گیت لکھا گیا  d) مہاتما گاندھی پیدا ہوئے

54) خطاطی کا فن جاننے والوں کو کیا کہا جاتا ہے؟ (   )

a) خطاط  b) طباخ  c) قلم کار  d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

55) مسلمانوں کی تعلیمی اور معاشی پسماندگی کا جائزہ لینے کے لیے حکومت ہند نے 2005ء میں ایک کمیٹی تشکیل دی تھی۔
کمیٹی کس کی قیادت میں تشکیل دی گئی تھی۔ (   )

a) جسٹس سردار علی خاں  b) جسٹس راجندر سچر  c) جسٹس التمش کبیر  d) جسٹس آفتاب عالم

56) وزارت فروغ انسانی وسائل کے تحت کام کرنے والے اس ادارے کا نام بتایئے جو اردو کے فروغ کے لیے قائم کیا گیا ہے۔ (   )

a) ترقی اردو بیورو  b) غالب اکادمی

c) انجمن ترقی اردو  d) قومی کونسل برائے فروغ اردو

57) انٹرنیٹ پر اپنے پرسنل اکاؤنٹ کے ذریعہ پیغام رسانی کا عمل e-mail کہلاتا ہے۔اسی طرح موبائیل فون کے ذریعہ
پیغام رسانی کے عمل کو کیا کہا جاتا ہے۔ (   )

a) SMS  b) فیکس  c) وڈیو کانفرنس  d) ٹیلی کانفرنس

58) ملک کی ریاستوں کی تقسیم کن بنیادوں پر ہوئی۔ (    )
a) ذات پات کی بنیاد پر b) مذہبی بنیادوں پر c) لسانی بنیادوں پر d) جغرافیائی بنیادوں پر

59) ہمالیہ کی سب سے اونچی چوٹی کا نام ہے؟ (    )
a) ماؤنٹ ایورسٹ b) ماؤنٹ آبو c) کنچن چنگا d) ماؤنٹ مری

60) سڑک عبور کرنے کے لیے کس پر سے گزرنا چاہیے۔ (    )
a) ریلوے کراسنگ b) روڈ کراسنگ c) زیبرا کراسنگ d) ان میں سے کوئی نہیں

## حصہ D
## Language Skills

61) مرزا اسداللہ خاں غالب کون تھے؟ (    )
a) سائنسداں b) شاعر c) ماہر طبقات الارض d) ماہر نفسیات

62) مذہب نہیں سکھاتا آپس میں بیر رکھنا۔ اقبال کے اس شعر کا مصرعہ ثانی بتایئے۔ (    )
a) ہندی ہیں ہم، وطن ہے ہندوستان ہمارا b) اقبال کوئی محرم اپنا نہیں جہاں میں
c) میرا وطن وہی ہے میرا وطن وہی ہے d) تیرے صنم کدوں کے بت ہو گئے پرانے

63) 'مدعی لاکھ برا چاہے تو کیا ہوتا ہے، وہی ہوتا ہے جو منظور خدا ہوتا ہے۔ یہ شعر کس کا ہے؟ (    )
a) فانی b) مومن c) اقبال d) داغ

64) اسٹیج سجا ہے، شعراء کرام بیٹھے ہیں، باری باری سے اپنا کلام سنا رہے ہیں اور اچھے شعر پر حاضرین سے داد بھی وصول کر رہے ہیں۔
شعر و سخن کی اس محفل کو عرف عام میں کیا کہا جاتا ہے۔ (    )
a) مشاعرہ b) مظاہرہ c) مزاحیہ خاکہ d) مناظرہ

65) قیامت کے کیا معنی ہیں؟ (    )
a) روز اوّل b) روز آخرت c) روز جمعہ d) ان میں سے تمام صحیح ہے

66) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلّم کی شان میں اشعار کی شکل میں پڑھے جانے والے کلمات کو کیا کہتے ہیں؟ (    )
a) نعت b) غزل c) حمد d) رباعی

67) علامہ اقبال اردو کے علاوہ............میں بھی شعر کہتے تھے۔ (    )
a) عربی b) ترکی c) فارسی d) افغانی

68) الفاظ کے معنی معلوم کرنے کے لیے ہمیں کس کا سہارا لینا پڑتا ہے۔ ( )

a) لغت b) اٹلس c) مجموعہ کلام d) دبستان

69) گھر کا کھاتے ...................... اس کہاوت کو مکمل کیجیے۔ ( )

a) گلی ڈنڈا b) پڑوسی کے مرغیاں چُراتے

c) ماموں کی بکریاں چَراتے d) تمام صحیح ہے

70) شاعر داغ کا کس شہر سے تعلق تھا؟ ( )

a) دہلی b) ممبئی c) کولکلتہ d) احمد نگر

71) اردو میں اکثر الفاظ ملا کر لکھے جاتے ہیں، اس لیے بہت کم جگہ میں بہت سے الفاظ لکھے جا سکتے ہیں‘ کیا یہ صحیح ہے۔ ( )

a) بلکل صحیح b) کچھ حد تک c) غلط d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

72) اکثر ہندی چینل لفظ ’خلافت‘ کا استعمال کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر اعظم خاں نے انا ہزارے کی کرپشن مخالف تحریک کی خلافت کی۔

اصل میں یہاں ’خلافت‘ کی جگہ کون سا لفظ آنا چاہیئے؟ ( )

a) مخالفت b) التفات c) مبالغہ d) ممانعت

73) تعلیم نسواں سے کیا مراد ہے۔ ( )

a) بچوں کی تعلیم b) مردوں کی تعلیم c) عورتوں کی تعلیم d) ان میں سے تمام غلط ہیں

74) ہر چیز مسبب سبب سے مانگو۔ منت سے خوشامد سے ادب سے مانگو۔ کیوں غیر کے آگے ہاتھ پھیلاتے ہو۔ بندے ہو اگر رب کے تو رب سے مانگو۔

امجد حیدر آبادی کی یہ چار مصرعوں کی نظم ہے‘ اسے ادبی اصطلاح میں کیا کہا جاتا ہے۔ ( )

a) غزل b) رباعی c) قصیدہ d) مرثیہ

75) پریم چند اپنے افسانوں اور ناولوں کے لیے مشہور ہیں۔ پریم چند نے اپنے ناولوں میں ہندوستان کے سماجی مسائل کو اُجاگر کیا ہے۔

خاص طور پر پریم چند کی ناولیں کس طرز زندگی کی عکاسی کرتی ہیں؟ ( )

a) دیہاتی زندگی b) شہری زندگی c) قومی زندگی d) علاقائی زندگی

76) علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے بانی کون ہیں؟ ( )

a) ابوالحسن علی ندوی b) مولانا مودودی c) سر سید احمد خاں d) الطاف حسین حالی

77) اردو اور فارسی میں کس طرح کی مماثلت پائی جاتی ہے؟ ( )

a) رسم الخط b) تلفظ کی c) ادائیگی کی d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

78) اردو شاعری میں لفظ گیسو کا استعمال ہوا ہے۔ گیسو کے کیا معنی ہیں؟ (     )

a) گال    b) بال    c) چال    d) پیار

79) شجر کی جمع اشجار ہے تو باغ کی جمع.................؟ (     )

a) باغات    b) باغیچہ    c) باغوں    d) تمام صحیح ہے

80) شعر کی جمع اشعار ہے اور شاعر کی جمع.................؟ (     )

a) شعروں    b) شاعری    c) شعرأ    d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

## حصہ E
## Description and Essay Skills

نوٹ: ان میں سے کسی دو پر انگریزی میں مختصر نوٹ لکھیں۔ **2 x 10 = 20**

(a) Democracy
(b) Right to Education
(c) UNO
(d) India Today
(e) Journalism
(f) White House
(g) Bollywood
(h) Election Commission
(i) Current Affairs
(j) Reservation for Minorities

☆☆☆